Roll No. ______

Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______

Sig. of Invigilator: ______

StudentBounty.com

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

## حصّہ اوّل (کُل نمبر:20)

25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اہلِ بیت کی تعریف کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ نعت ب۔ قصیدہ

ج۔ مدح د۔ منقبت

(ii) نصاب میں شامل 'ناموراد یبوں کے خطوط' میں مرزا غالب کا خط کس کے نام ہے؟

الف۔ مولانا حالی ب۔ میر مہدی

ج۔ مولانا شبلی د۔ مولوی شفیع الدین نیّر

(iii) اُردو زبان کے پہلے قومی شاعر کون ہیں؟

الف۔ مولانا حالی ب۔ شوق قدوائی

ج۔ علامہ محمد اقبالؒ د۔ سرسیّد احمد خاں

(iv) ایک ڈالی کے سب ہیں برگ و ثمر ہے کوئی ان میں خشک اور کوئی تر

درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

الف۔ اکبر الہ آبادی ب۔ نظیر اکبر آبادی

ج۔ علامہ محمد اقبالؒ د۔ مولانا حالی

(v) خواجہ حسن نظامی کی کہانی 'جیسی کرنی ویسی بھرنی' کس کتاب سے لی گئی ہے؟

الف۔ سخندانِ فارس ب۔ توبۃ النصوح

ج۔ طبقاتِ اکبری د۔ غدرِ دہلی کے افسانے

(vi) نصاب میں شامل سبق 'ایران کا جاڑا' کیا ہے؟

الف۔ ڈراما ب۔ افسانہ

ج۔ مضمون د۔ ناول

(vii) ______ بنانے میں مولوی وحید الدین سلیم اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔

الف۔ روزمرّہ ب۔ محاورہ

ج۔ اصطلاحات د۔ مضمون

(viii) نظم 'آسمان اور تارے' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ داغ ب۔ انیس

ج۔ مولانا شبلی د۔ محمد اسماعیل میرٹھی

(ix) ''دُنیا کو ہمیشہ نقشِ فانی سمجھو'' یہ مصرع کس شاعر کی رباعی سے لیا گیا ہے؟

الف۔ اکبر الہ آبادی ب۔ میر انیس

ج۔ داغ د۔ مولانا حالی

(x) نصاب میں شامل مضمون 'اُردو کی آخری کتاب' کس کا لکھا ہوا ہے؟

الف۔ مرزا فرحت اللہ ب۔ سرسیّد احمد خاں

ج۔ مولوی عبدالحق د۔ پطرس بخاری

StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) نبی کریمؐ نے مدینہ کی طرف ہجرت نبوت کے کس سال کی؟

الف۔ گیارھویں ب۔ بارھویں

ج۔ تیرھویں د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) کتاب' رحمتِ عالمؐ' کے مصنّف کون ہیں؟

الف۔ مولانا شبلی نعمانی ب۔ سیّد سلیمان ندوی

ج۔ سرسیّد احمد خاں د۔ میر معصوم شاہ بکھری

(xiii) پطرس بخاری گورنمنٹ کالج لاہور میں کس زبان کے پروفیسر تھے؟

الف۔ اُردو ب۔ فارسی

ج۔ عربی د۔ انگریزی

(xiv) دہلی سے اخبار ''ہمدرد'' کس نے نکالا؟

الف۔ مولانا ظفر علی خاں ب۔ مولوی عبدالحق

ج۔ مولانا محمد علی جوہر د۔ سرسیّد احمد خاں

(xv) مولوی عبدالحق کا انتقال کس سال ہوا؟

الف۔ 1960ء ب۔ 1961ء

ج۔ 1962ء د۔ 1963ء

(xvi) مولوی محمد حسین آزاد کہاں دفن ہیں؟

الف۔ دہلی ب۔ لاہور

ج۔ کراچی د۔ حیدر آباد

(xvii) '' دارالجزا'' کا معنی کیا ہے؟

الف۔ دُنیا ب۔ انصاف

ج۔ امن کا گھر د۔ بدلے کا گھر

(xviii) مجاہد کی آرزو کیا ہوتی ہے؟

الف۔ اُس کا نام بلند ہو ب۔ دین کا جھنڈا بلند ہو

ج۔ جاہ و حشمت ملے د۔ مال و دولت حاصل ہو

(xix) اتنے میں وہ رفیقِ نبوتؐ بھی آ گیا جس سے بنائے عشق و محبت ہے اُستوار

درج بالا شعر میں رفیق نبوت کسے کہا گیا ہے؟

الف۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ب۔ حضرت عمر فاروقؓ

ج۔ حضرت عثمانؓ د۔ حضرت علیؓ

(xx) مرزا فرحت اللہ بیگ سے مولوی وحیدالدین سلیم نے ملاقات میں اُن کے کس مضمون کا ذکر کیا؟

الف۔ مولوی عبدالحق والا ب۔ مولانا شبلی والا

ج۔ دلی کے یادگار مشاعرے والا د۔ نذیر احمد والا

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ____

StudentBounty.com

# اُردو سلیس   ایچ ایس ایس سی-I

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

...دوم'' اور ''سوم'' کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر ۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) اقبالؔ کی اُردو کتابوں کے نام لکھیں۔

(ii) مثنوی کس قسم کی نظم کو کہتے ہیں؟ (یا)

مضاف اور مضاف الیہ سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال سے وضاحت کیجیے۔

(iii) مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار الفاظ ومحاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے:

خوش نما ، ہم کلام ، رائیگاں ، زیروزبر کرنا ، ٹوٹ پڑنا ، راس آنا

(iv) مندرجہ ذیل سے اسمِ صفت بنایئے:

فقیر ، شاعر ، امیر ، مجاہد

(v) استفہامیہ جملہ کسے کہتے ہیں؟ تین استفہامیہ جملے لکھیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر ۳: سبق اور مُصَنِّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ یہ وہ کاغذ تھا جو نصوح نے ہر شخص کے ہاتھ میں دیکھا تھا اور اسی کو دُنیا کے خیالات کے مطابق فردِ قرارداد جرم سمجھا تھا۔ باپ کا نامۂ اعمال دیکھا تو خراب تھا۔ شرک اور کفر، نافرمانی، ناشکری اور بغاوت، بے ایمانی، کبر ونخوت، دروغ وغیبت، طمع وحسد، مردم آزاری، نفاق وریا غرض دُنیا کا کوئی الزام نہ تھا کہ اس میں نہ ہو۔ چوں کہ نصوح کے دماغ میں خیالات گونج رہے تھے، لگا باپ کے نامۂ اعمال میں تعزیراتِ ہند کی دفعہ اور ضمن ڈھونڈنے، سو بجائے دفعاتِ تعزیرات کے قرآن کی سورتوں اور آیتوں کا حوالہ تھا۔۔۔۔

ب۔ خُدا بخشے مولوی وحید الدین سلیم بھی ایک عجیب چیز تھے۔ ایک نگینہ سمجھیے کہ برسوں ناتراشیدہ رہا۔ جب تراشا گیا، پھل نکلے، چمک بڑھی۔ اہلِ نظر میں قدر ہوئی، اُس وقت چٹ سے ٹوٹ گیا۔ شہرت بھی غالب کے قصیدے کی طرح آج کل کسی کو راس نہیں آتی۔ اِدھر نام بڑھا، اور اُدھر مرا۔ صف سے آگے نکلا اور تیرِ قضا کا نشانہ ہوا۔ چل چلاؤ کا زور ہے۔ آج یہ گیا، کل وہ گیا۔ مولوی نذیر احمد گئے، شبلی گئے، حالی گئے، وحید الدین گئے۔

سوال نمبر ۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
گھوڑے پہ ہے سوار بہت آن بان سے
ظاہر دلاوری ہے عجب اُس کی شان سے
ٹوٹا ہوا ہے خود ، تو وردی پھٹی ہوئی
ہر شے ہے اُس کی گرد میں رن کی اَٹی ہوئی

ب۔
پہاڑوں سے بہایا اس نے برفِ صاف پگھلا کر
رواں ہو کر وہی پانی ، سمندر میں گرا جا کر
شمیمِ باغ نے سیکھا چلن اترا کے چلنے کا
زمانہ آگیا پردے سے سبزے کے نکلنے کا

سوال نمبر ۵: اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے تاکید کیجیے کہ وہ اپنی تعلیم کے ساتھ ساتھ کالج کی ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لے۔ (یا)

اپنے دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُسے گرمیوں کی چھٹیاں اپنے ساتھ گزارنے کی دعوت دیجیے۔ (9)

سوال نمبر ۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچے پر دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر ۷: دو دوستوں کے درمیان دہشت گردی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر ۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی
(ii) حجِ اکبر

سوال نمبر ۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) سیلاب کی تباہ کاریاں
(ii) میرا پسندیدہ شاعر
(iii) حُبِّ وطن
(iv) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر